## پاکستان کے موجودہ حالات جنگ وجدل کا نہیں بلکہ افہام وتفہیم اوراتحاد کا تقاضہ کررہے ہیں۔الطاف حسین

## پچیسواں یوم تاسیس ملک وقوم کیلئے اتنا مبارک ثابت ہوا کہ وہ محاذ آرائی جو ملک

## میں گزشتہ دو برسوں سے جاری تھی یوم تاسیس سے دوروز قبل اس کا خاتمہ ہوگیا

## عدلیہ کے بحران کے حل پرصدرآصف زرداری،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی،چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری

## سمیت بحال ہونے والے تمام ججوں،وکلاء برادری،سول سوسائٹی،صحافیوں،دانشوروں اورتمام پاکستانیوں کومبارکباد

## یوم تاسیس کی شب نائن زیرو عزیز آباد،حیدرآباد،میرپورخاص،سکھر،نوابشاہ،سانگھڑ،

## جامشورو،ٹنڈوالہیار،دادو،لاڑکانہ اورگھوٹکی زون میں کارکنان سے بیک وقت خطاب

لندن۔۔۔17،مارچ2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ پاکستان کے موجودہ حالات جنگ وجدل کا نہیں بلکہ افہام وتفہیم اوراتحاد کا تقاضہ کررہے ہیں اوراس وقت ملک کے تمام سیاسی اکابرین کو دانشمندی اور بردباری کا مظاہرہ کرنا چاہئے۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے منگل کی شب ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد،حیدرآباد،میرپورخاص، سکھر،نوابشاہ،سانگھڑ،جامشورو،ٹنڈوالہیار،دادو،لاڑکانہ اورگھوٹکی زون میں ایم کیوایم کے سلور جوبلی یوم تاسیس کی مبارکباد دینے کیلئے جمع ہونے والے کارکنان سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے کیا۔قبل ازیں ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران اورکارکنان نے جناب الطاف حسین سے اپنے عہدوفا کی تجدید کی۔اپنے خطاب میں جناب الطاف حسین نے پاکستان کے تمام صوبوں اورآزادکشمیر کے ایک ایک محبّ وطن پاکستانی کوایم کیوایم کے سلور جوبلی یوم تاسیس کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کا 25 واں یوم تاسیس ایسے موقع پرآیا جب ملک میں سیاسی محاذ آرائی اپنے عروج پرتھی لیکن ایم کیوایم کا یہ یوم تاسیس اس ملک وقوم کیلئے اتنا مبارک ثابت ہوا کہ وہ محاذ آرائی جو ملک میں گزشتہ دو برسوں سے جاری تھی یوم تاسیس سے دوروز قبل اس کا خاتمہ ہوگیا،ملک ایک بہت بڑے بحران سے باہرنکل گیااور چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری سمیت تمام معزول جج بحال ہوگئے۔جناب الطاف حسین نے عدلیہ کے بحران کے حل پرصدرآصف زرداری،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی،چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری سمیت بحال ہونے والے تمام ججوں،وکلاء برادری،سول سوسائٹی،صحافیوں،دانشوروں اورایک ایک پاکستانی کودلی مبارکباد پیش کی۔جناب الطاف حسین نے تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماؤں سے اپیل کی کہ وہ محاذ آرائی سے گریز کریں،ملک کے نازک حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے جنگ وجدل کے بجائے تمام معاملات کو میز پرحل کریں اور''قائل کردویا قائل ہوجاؤ'' کی بنیاد پر تمام مسائل کا حل تلاش کریں کیونکہ دنیا میں کوئی ایسا مسئلہ نہیں ہے جو مذاکرات اور بات چیت سے حل نہ ہوسکے۔انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان کے موجودہ حالات جنگ وجدل کا نہیں بلکہ افہام وتفہیم اوراتحاد کا مطالبہ کررہے ہیں اوراس وقت ملک کے تمام سیاسی اکابرین کو دانشمندی اور بردباری کا مظاہرہ کرنا چاہئے اوراپنی تقاریر میں ایسی زبان اورالفاظ استعمال کرنے سے گریز کرنا چاہئے جوکسی کی دل آزاری کا سبب بنیں۔انہوں نے تمام سیاسی جماعتوں کے کارکنان سے بھی اپیل کی کہ وہ محاذ آرائی کے بجائے صبروتحمل سے کام لیں۔انہوں نے ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے بھی اپیل کی کہ وہ ملک کی بقاء وسلامتی کیلئے محبت،یگانگت اور بھائی چارے کی فضاء کوفروغ دیں اورمنفی باتوں کے بجائے مثبت باتوں کوفروغ دیں۔انہوں نے کہا کہ ہماری اللہ تعالیٰ کے حضور دردمندانہ دعا ہے کہ وہ اس یوم تاسیس کوایم کیوایم کے کارکنان اورتحریک کے ساتھ ساتھ ملک اورعوام کیلئے بھی باعث رحمت بنائے،ملک سے انتہاء پسندی،دہشت گردی،اغواء برائے تاوان کی وارداتوں اور ملک وقوم کو درپیش تمام مسائل کا خاتمہ ہو،پاکستان خوشحال ہو،ملک میں امن واستحکام قائم ہو،پڑوسی ممالک سے پاکستان کے اچھے تعلقات قائم ہوں،صوبہ پنجاب کا بحران ختم ہو۔انہوں نے کہا کہ ہماری دعا ہے کہ ملک میں ایساامن قائم ہوکہ تمام تاجر وصنعتکار بلاخوف وخطر اپنا کاروبار دوبارہ شروع کریں اور بیرونی سرمایہ کار بھی پاکستان میں اپنا سرمایہ لگانے میں کوئی خوف محسوس نہ کریں تاکہ ملک سے بیروزگاری کا خاتمہ ہوسکے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ان 25 برسوں کے دوران تحریک نے بڑے بڑے آگ اورخون کے دریا عبور کئے ہیں اورتحریکی کارکنان نے کڑی سے کڑی آزمائش کا مردانہ وار مقابلہ کیا ہے،ہزاروں کارکنان حتیٰ کہ حق پرست ارکان پارلیمنٹ،رابطہ کمیٹی کے ارکان اورتنظیمی ذمہ داران پرجھوٹے اور بے بنیاد مقدمات بناکرانہیں گرفتار کیا گیا، گرفتاری کے دوران ان پر بہیمانہ تشدد کیا گیااور ہزاروں ساتھی شہید کردیئے گئے۔انہوں نے تحریک کے پرعزم اور بہادر کارکنان کوزبردست خراج تحسین پیش کیااورحق پرست شہداء کوخراج عقیدت پیش کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تحریک کے تمام شہداء کے درجات بلند فرمائے،انہیں اپنی جواررحمت میں جگہ عطا کرے اورشہداء کے لواحقین کو یہ دکھ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ تحریک کی ماؤں،بہنوں نے کڑے سے کڑے امتحان میں جس ہمت کا مظاہرہ کیا ہے اسے ثابت ہوگیا ہے کہ

حق پرست خواتین کی ہمت اور حوصلہ مردوں سے کسی بھی طرح کم نہیں ہے۔انہوں نے سخت سے سخت اور کڑے حالات میں نوجوانوں کی طرح بڑھ چڑھ کر جرات وہمت کا مظاہرہ کرنے پر ایم کیوایم کے بزرگ کارکنوں کو بھی زبردست خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ تمام مسالک اور عقائد سے تعلق رکھنے والے افراد نے ایم کیوایم میں شامل ہونے کے بعد اپنے اپنے مسلک پر رہتے ہوئے تحریک کیلئے بڑی سے بڑی قربانیاں دیں جس پر میں انہیں خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ ایسے باہمت اور باحوصلہ جانثار ساتھی صدیوں میں عطا کرتا ہے اور میں اللہ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ اس نے مجھے اتنے باہمت ساتھی عطا کئے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ اس تحریک میں صرف اردو بولنے والے سندھیوں ہی نے نہیں بلکہ قدیم سندھیوں، بلوچوں، پنجابیوں، پختونوں، سرائیکیوں، کشمیریوں، گلگتی، ہزارے وال اور جو جو ایم کیوایم کے پرچم کے سائے تلے آگیا اس نے بھی تحریک کیلئے بڑی بڑی قربانیاں دیں اور کوئی بھی سخت حالات میں نہیں بھاگا۔جناب الطاف حسین نے سندھی ساتھیوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ حال ہی میں آنے والے شدید بحرانوں میں آپ کے بھائی الطاف حسین نے جو کردار ادا کیا ہے اس نے ثابت کیا ہے کہ الطاف حسین سندھ کا سچا حلالی بیٹا ہے۔انہوں نے ایم کیوایم کی سلور جوبلی پر تحریک کے ایک ایک کارکن کو دل کی گہرائی سے زبردست مبارکباد پیش کی۔

## متحدہ قومی موومنٹ کا 25واں سلور جوبلی یوم تاسیس کل ملک بھر میں جوش وخروش سے منایا جائیگا
## مرکزی اجتماع عزیز آباد کے جناح گراؤنڈ میں ہوگا الطاف حسین ٹیلیفونک خطاب کریں گے
## سلور جوبلی یوم تاسیس کے سلسلے میں نائن زیرو سمیت قریب وجوار کے علاقوں میں چراغاں

کراچی۔۔۔17/مارچ2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کا 25واں ''سلور جوبلی'' یوم تاسیس کل بروز بدھ 18 مارچ کو ملک بھر میں انتہائی جوش وخروش سے منایا جائے گا اور کراچی سمیت ملک بھر میں یوم تاسیس کے اجتماعات منعقد کیے جائیں گے جن سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔ایم کیوایم کے سلور جوبلی یوم تاسیس کے سلسلے کا مرکزی اجتماع جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ہوگا۔18، مارچ کی صبح ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی جانب سے جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں پرچم کشائی کی جائے گی جبکہ رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست نمائندے حق پرست شہداء کی قبروں پر حاضری دیں گے اور ان کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کریں گے۔سلور جوبلی یوم تاسیس کے موقع پر ایم کیوایم کی جانب سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر صحت وتندرستی کیلئے پرندے آزاد کیے جائیں گے اور بکروں کا صدقہ دیا جائے گا، جیلوں میں اسیر کارکنان کیلئے کھانا، پھل اور مٹھائی پہنچائی جائے گی۔علاوہ ازیں ایم کیوایم کے 25ویں ''سلور جوبلی'' یوم تاسیس تقریبات کے سلسلے میں قائد تحریک الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیرو عزیز آباد، ایم پی اے ہاسٹل، خورشید بیگم میموریل ہال، جناح گراؤنڈ اور مکا چوک سمیت اطراف کی گلیوں، عمارتوں، اہم چوراہوں اور شاہراہوں کو رنگ برنگی برقی قمقموں سے سجایا گیا ہے جبکہ ایم کیوایم کے مختلف سیکٹرز، یونٹس اور ونگز کی جانب سے تہنیتی پیغامات اور اشعار پر مشتمل پینرز آویزاں کیے گئے ہیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے 25ویں سلور جوبلی یوم تاسیس کی تقریبات کا آغاز کردیا گیا
## حق پرست نمائندوں نے مختلف اسپتالوں کا دورۂ کرکے مریضوں کی عیادت کی اوران میں پھل اور پھول تقسیم کیے

کراچی۔۔۔17/مارچ2009ء

ایم کیوایم کے سلور جوبلی یوم تاسیس کے سلسلے میں حق پرست نمائندوں نے کراچی کے مختلف اسپتالوں کا دورہ کرکے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مریضوں کی خیریت دریافت کی اورانہیں پھل اور پھول پیش کیے۔تفصیلات کے مطابق حق پرست وزراء، سینیٹرز، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی اور ٹاؤن ناظمین نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے منگل کے روز کراچی مختلف اسپتالوں میں زیرعلاج مریضوں کی عیادت کرکے ان کی خیریت دریافت کی اوران میں پھل اور پھول تقسیم کیے۔تفصیلات کے مطابق 18 مارچ 2009ء کو منائے جانیوالے متحدہ قومی موومنٹ 25ویں ''سلور جوبلی'' یوم تاسیس کی تقریبات کے آغاز کے سلسلے میں منگل 17 مارچ کو حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی اقبال محمد علی، محترمہ خوش بخت شجاعت، مقیم عالم اور سینیٹر عبدالحسیب خان نے جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل اسپتال جبکہ حق پرست سینیٹر محترمہ شرالہ نشاط ملک، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی ساجد احمد اور وسیم احمد نے امراض دل کے ادارے جناح کارڈیو ویسکولر اور نیشنل انسٹیٹیوٹ آف چلڈرن اسپتال کا دورۂ کیا۔اسی طرح صوبائی وزیر صحت

ڈاکٹرصغیراحمد نے حق پرست رکن سندھ اسمبلی شعیب ابراہیم اورصدر ٹاؤن کے ناظم دلاور کے ہمراہ سول اسپتال اورسروسز اسپتال جبکہ اراکین قومی اسمبلی عبدالقادر خانزادہ اوراقبال قادری نے رکن سندھ اسمبلی منظرامام اورٹاؤن ناظم عبدالحق نے قطر اسپتال کا دورہ کیا۔حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالوسیم اورنگراں ٹاؤن ناظم اختر حسین نے سندھ گورنمنٹ اسپتال نیو کراچی جبکہ رکن قومی اسمبلی سفیان یوسف ،صوبائی وزیر خالد بن ولایت ،لیاقت آباداورگلبرگ کے ٹاؤن ناظمین اسامہ قادری اورکمال ملک نے سندھ گورنمنٹ اسپتال لیاقت اورکراچی انسٹی ٹیوٹ آف ہارٹ ڈیزیز کا دورہ کیا۔صوبائی مشیر خواجہ اظہارالحسن اوررکن قومی اسمبلی عبدالوسیم نے چلڈرن ہسپتال نیو کراچی کا دورہ کیا۔

اسی طرح حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان ،انجینئر فرحت خان ،ریحان ظفر اورٹاؤن ناظم ممتاز حمید نے عباسی شہید اسپتال ناظم آباد جبکہ شیخ صلاح الدین اورصوبائی وزیر فیصل سبزواری نے اوجھا انسٹیٹیوٹ کا دورہ کیا۔حق پرست اراکین اسمبلی خالد افتخار ،محمد علیم الرحمٰن اورٹاؤن ناظم عارف خان نے کورنگی ہسپتال ،نثار احمد پنہوراورندیم رازی نے سعودآباد اسپتال جبکہ حق پرست رکن سندھ اسمبلی معین خان اورٹاؤن ناظم اختر حسین نے اربن ہیلتھ سینٹر کا دورہ کیا۔اسی طرح سینیٹر حسیب خان اوررکن قومی اسمبلی خواجہ سہیل منصور نے گذری آباد اسپتال کا دورہ کیا۔حق پرست نمائندگان نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے اسپتالوں میں زیر علاج مریضوں کی خیریت دریافت کی اور ان کی صحت یابی کیلئے دعا کی ۔انہوں نے مریضوں کوپھل اورپھول پیش کئے ۔

## متحدہ قومی موومنٹ صوبہ سرحد کی کمیٹی تحلیل کردی گئی ،نئی کمیٹی کا اعلان بعد میں کیا جائیگا ،رابطہ کمیٹی

کراچی ۔۔۔17مارچ2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے فوری طورپرصوبہ سرحد کی کمیٹی تحلیل کردی ہے ۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ صوبہ سرحد کی نئی کمیٹی کا اعلان بعد میں کیا جائیگا۔

## ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے کارکن جاوید فرید کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔17مارچ2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے کارکن جاوید فرید کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اورسوگواران کوصبر جمیل عطا کرے ۔(آمین)

## ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے جواں سال کارکن جاوید فرید انتقال کرگئے

کراچی ۔۔۔17مارچ2009ء

متحدہ قومی موومنٹ ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 170 کے جواں سال کارکن جاوید فرید حرکت قلب بند ہوجانے سے اچانک انتقال کرگئے (اناللہ وانا الیہ راجعون )مرحوم کی عمر 33 سال تھی اوروہ شادی شدہ اورانہوں نے سوگواران میں پانچ بچے چھوڑے ہیں ۔مرحوم جاوید فرید قائد تحریک الطاف حسین سے والہانہ عقیدت ومحبت رکھتے تھے اورتنظیمی کاموں میں بڑھ چڑھ کرحصہ لیا کرتے تھے ۔دریں اثناء جاوید فرید مرحوم کوسینکڑوں سوگواران کی آہوں اورسسکیوں کے درمیان پاپوش نگرقبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا ،مرحوم کی نماز جنازہ بعد نماز ظہر الرشیدیہ مسجد (ٹرسٹ )میں ادا کی گئی نماز جنازہ اورتدفین میں حق پرست اراکین اسمبلی ،ٹاؤن ناظم ،یوسی ناظمین ،کونسلرز ،علاقائی سیکٹر کمیٹی ویونٹوں کمیٹیوں کے ذمہ داران ،کارکنان ،ہمدردوں اورمرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔17مارچ2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 170 کے کارکن جاوید فرید ،ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے جوائنٹ انچارج سید مظاہر حسین کے بہنوئی اویس

مہدی اور ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 119 کے کارکن عقیل احمد کے والد محمد یعقوب کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## حق پرست عوام رکن الدین خان کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔17/مارچ2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حق پرست سینیٹر زاہد اختر مرحوم کے والد رکن الدین خان کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ رکن الدین خان کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## ممتاز روحانی پیشوا پیر نسیم پرویز چشتی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔17/مارچ2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ممتاز روحانی پیشوااور خلیفہ درگاہ عالیہ حضرت خواجہ غریب نوازؒ پیر نسیم پرویز چشتی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین اورعقیدت مندوں سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اورانہیں صبر کی تلقین کی۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے،انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆